# ہم ایمان رکھتے ہیں

# نقایاہ کا عقیدہ


## (Nicene Creed)

A.D 325

**Urdu Edition 2023**

Copyright © Reformed by TRUTH

www.Reformedbytruth.com




Icon depicting Constantine the Great, accompanied by the bishops of the First Council of Nicaea (325), holding the Niceno-Constantinopolitan Creed of 381.

**Translated**
**By**
Suleman Shahzad
**Reformed by TRUTH**

صرف ذاتی اور نجی استعمال کے لیے نقل کی اجازت ہے، فروخت کے لیے نہیں۔

Attribution-NonCommercial-ShareAlike 4.0 International

# نقایاہ کا عقیدہ

(Nicene Creed (A.D 325))

## پسِ منظر:

نقایاہ کا عقیدہ ، جسے نیسینو-کانسٹنطینیہ عقیدہ بھی کہا جاتا ہے 325 عیسوی میں نائسیا کے شہر (جو آج کل ازنیک، ترکی کہلاتا ہے) میں مرتب کیا گیا، جو ابتدائی مسیحی کلیسیا کے ایمان کا بیان ہے جسے بعض بدعتوں کے خلاف لکھا گیا تھا، خاص طور پر آریئنسٹ عقیدہ کے خلاف (جو یہ تعلیم دیتا تھا کہ یسوع خُدا باپ کی طرف سے پیدا نہیں بلکہ مصنوع کیا گیا ہے، اس وجہ سے وہ خُدا باپ کے ساتھ ابدی جوہر نہیں رکھتا)۔ یہ بدعتیں، جو چوتھی صدی کے دوران کلیسیا میں انتشار کا باعث بنی تھیں، تثلیث کے عقیدے اور یسوع مسیح کی شخصیت سے متعلق تھیں۔

نقایاہ کا عقیدہ مسیحی عقائد کے سب سے اہم عقائد میں سے ایک ہے، جو متعدد مسیحی فرقوں میں وسیع پیمانے پر قبول کیا گیا ہے، جن میں یونانی (مشرقی) اور لاطینی (مغربی) کلیسیا، رومن کیتھولک، اور بیشتر پروٹسٹنٹ کلیسیائیں شامل ہیں۔

# نقایاہ کا عقیدہ

ہم ایمان رکھتے ہیں ایک خُداوند قَادِرِ مُطلَق باپ پر جو آسمان اور زمین، سب دیکھی اور اِن دیکھی چیزوں کا خالق ہے۔

ہم ایمان رکھتے ہیں ایک خُداوند یسوع مسیح پر جو خُدا کا اکلوتا بیٹا ہے۔ جو کُل عالموں سے پیشتر خُدا باپ سے پیدا ہوا۔ جو خُدا سے خُدا، نور سے نور، حقیقی خُدا سے حقیقی خُدا۔ مصنوع نہیں بلکہ پیدا ہوا۔

اُس کا اور خُدا باپ کا ایک ہی جوہر ہے، اُسی کے وسیلہ سے تمام چیزیں بنیں۔ جو ہمارے اور ہماری نجات کے لئے آسمان پر سے اُتر آیا۔ جو رُوح القدس کی قدرت سے اور کنواری مریم سے مجسم ہوا، اور انسان بنا۔ جو ہمارے لئے پُنطیُس پِیلاطُس کی حکومت میں مصلوب ہوا، مر گیا اور دفن ہوا۔ پاک کلام کے مطابق تیسرے دِن مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ آسمان پر چڑھ گیا اور خُدا قَادِرِ مُطلَق باپ کی دہنی طرف بیٹھا ہے۔ وہ جلال کے ساتھ زندوں اور مُردوں کی عدالت کرنے کے لئے واپس آئے گا۔ اور اُس کی بادشاہت کا کبھی اختتام نہ ہوگا۔

ہم ایمان رکھتے ہیں رُوح القدس پر، جو خُداوند ہے اور زندگی بخشنے والا ہے۔ وہ خُدا باپ اور خُدا بیٹے سے صادر ہوتا ہے۔ اور خُدا باپ اور خُدا بیٹے کے ساتھ اُس کی پرستش اور تعظیم ہوتی ہے۔ جس نے نبیوں کے ذریعے کلام کیا۔

ہم ایمان رکھتے ہیں ایک ہی پاک عالمگیر (کیتھولک) اور رسولی کِلیسیا پر، اور ہم گناہوں کی معافی کے لئے ایک ہی بپتسمہ کا اقرار کرتے ہیں۔ اور ہم مُردوں کی قیامت اور آئندہ جہان کی زندگی کے منتظر ہیں۔ آمین

---